# 22144 ـ شهداء كے ٹكڑے جمع كرنے كا حكم

**سوال**

شہداء كى كٹے پھٹے اعضاء جمع كرنے كا حكم كيا ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

شہداء كے ٹكڑے بھى دوسروں كى طرح ہى ہيں، ہر شہيد كى اعضاء كو اس كى خاص قبر ميں دفن كيا جائےگا، ليكن اگر وباء يا قتل وغيره كى بنا پر اموات بہت زياده ہو جائيں اور ہر ايك كو عليحده دفن كرنے ميں بہت زياده مشكل ہو تو پھر ايك قبر ميں دو يا تين ميتوں كو دفن كرنے ميں كوئى حرج نہيں، اور قبر ميں پہلے اسے دفن كيا جائےگا جو دين ميں زياده ہو، جيسا كہ رسول كريم صلى الله عليہ وسلم نے احد كے شہداء كے متعلق كيا تھا.